वर्ग–दशम / Class – X

विषय – उर्दू / SUBJECT – URDU

विषय कोड–203 / SUBJECT CODE-203

GROUP -A

Marks - 30

امیدوار کیلئے ہدایت:

تمام سوالات کے نشانات ہندسہ دائیں اور مارکس بائیں جانب درج ہے

تمام سوالات لازمی۔امیدوار ہر ممکن طور پر اپنے ہی الفاظ میں جواب دیں

ہدایت (i) کچھ سوالوں کے ممکنہ جوابات بھی دیئے گئے ہیں، جو حروف تہجی (الف، ب، ج، د) کے تحت درج ہیں۔ان میں سے صرف ایک صحیح جواب چن کر سوال نمبر کے ساتھ لکھیں

(ii) باقی تمام سوالوں کے جوابات ان میں دی گئی ہدایت کے مطابق دیں

(iii) جہاں ''یا'' کے بعد کوئی سوال پوچھا گیا، اس کا مطلب ان دونوں میں سے ایک ہی کا جواب مطلوب ہے۔

.1 سوال نمبر کے ساتھ کوئی ایک صحیح جواب چن کر لکھئے 5x1=5

(i) علما کہاں سے فارغ ہوتے ہیں؟

(الف) کالجوں سے (ب) مدرسوں سے

(ج) خانقاہوں سے (د) مسجدوں سے

(ii) قرآن کس زبان میں نازل ہوا؟

(الف) اردو میں (ب) فارسی میں

(ج) عربی میں (د) سبھی میں

(iii) انسان کو کس طرح کی تعلیم حاصل کرنی چاہیے؟

(الف) دینی (ب) دنیاوی

(ج) دونوں (د) کوئی نہیں

(iv) علم کی جمع کیا؟

(الف) عالم (ب) علوم

(ج) علماء (د) علیم

(v) درج ذیل میں ماہر اسلامیات کی حیثیت سے کون معروف نہیں ہوئے؟

(الف) ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام (ب) مولانا ابولکلام آزاد

(ج) امام غزالی (د) ابن کثیر

.2 ہر سوال کے سامنے قوسین میں دیئے لفظوں میں سے صحیح لفظ چن کر خالی جگہ کو بھرئے 4x1=4

(i) ہوا ہماری زندگی کیلئے .... ہے (ضروری، غیر ضروری)

(ii) پیڑ پودے ماحول کو............ سے بچاتے ہیں۔(کشیدگی، آلودگی)

(iii) ہم سانس لیتے ہیں تو ہوا جسم میں داخل ہو کر.......... پھلاتی ہے۔(پھیپھڑے، گردے)

(iv) ہمارے جسم سے..... خارج ہوتی ہے۔(آکسیجن، کاربن ڈائی آکسائیڈ)

3. درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب پچاس لفظوں میں دیں 1x6=6

(i) کہانی ''انصاف'' سے آپ کو کیا سبق ملتا ہے؟

(ii) کہانی ''سچا ہیرا'' کا خلاصہ لکھئے؟

(iii) کہانی ''مرغی کا نرالا بچہ'' سے آپ کو کیا سیکھ ملتی ہے؟

4. درج ذیل میں سے کسی تین سوالوں کا جواب زیادہ سے زیادہ ایک جملہ میں دیں 3x1=3

(i) نصوح اور فہمیدہ کا کیا رشتہ ہے؟

(ii) نصوح زہدایت کا فرشتہ کسے کہا ہے؟

(iii) استعجاب کے کیا معنی ہیں؟

(iv) نماز کسے کہتے ہیں؟

(v) حمیدہ کون ہے؟

5. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے سوالوں کا جواب دیں۔ 5x1=3

رپورٹر صاحب !سرکاری اسکیموں سے ہر کوئی مستفید ہو سکتا ہے۔چاہے وہ اقلیت ہو یا اکثریت ،لیکن ہاں !اقلیتوں کیلئے بھی مرکزی حکومت کی جانب سے چند مخصوص اسکیمیں چلائی جا رہی ہیں ۔مثلا قبرستانوں کی گھیرابندی، پری میٹرک اور پوسٹ میٹرک تعلیمی وظیفہ وغیرہ۔اسکے علاوہ جس اقلیتی طالب علم نے میٹرک میں اول درجے سے کامیابی حاصل کی ہے اسے ریاستی حکومت کی جانب سے بھی دس ہزار(10,000) روپے دیئے جاتے ہیں۔

(الف) یہ اقتباس کس مضمون کا حصہ ہے؟

(ب) سرکاری اسکیموں سے کون فائدہ اٹھا سکتا ہے؟

(ج) اقلیت کیلئے مرکزی حکومت کی کون کون سی اسکیمیں چل رہی ہیں؟

(د) ریاستی حکومت کی جانب سے دس ہزار روپے کن کو مل سکتے ہیں؟

(ر) اقلیت سے مراد کون کون ہیں؟

6. نیچے لکھے سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب دیں 1x2=2

(i) پریم چند کا پورا نام کیا ہے،وہ کہاں پیدا ہوئے؟

(ii) عید کب آتی ہے،لوگ عید کی نماز پڑھ کر کیا کرتے ہیں؟

(iii) شہر کا علاقہ شروع ہوتے ہی سڑک کی دونوں طرف کیا کیا دکھائی دیتا ہے؟

7. سوال نمبر کے ساتھ کوئی ایک صحیح جواب کا حرف شمار بھی لکھیں 5x1=5

(i) کسی بھی اچھے کام کی شروعات کس نام سے کرنی چاہئے؟

(الف) اللہ کے　　(ب) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

(ج) ولی اللہ کے　　(د) صحابہ کرام کے

(ii) جس نظم میں خدا کی تعریف اور خوبی کا بیان ہوا سے کیا کہتے ہیں؟

(الف) نعت　　(ب) حمد

(ج) مرثیہ　　(د) قصیدہ

(iii) آپ کی نصابی کتاب میں جو ''حمد'' ہے، کن کی لکھی ہوئی ہے؟

(الف) حالی کی　　(ب) شاعظم آبادی کی

(ج) تلوک چند محروم کی　　(د) علامہ اقبال کی

(iv) ''ہر ذرے میں ہے ظہور تیرا'' مصرع میں تیرا سے کون مراد ہے؟ یا مخاطب ہے؟

(الف) اللہ تعالی　　(ب) انسان

(ج) فرشتے　　(د) نبی

(v) ''جگنو'' ایک نظم ہے، کن کی لکھی ہے؟

(الف) بسمل عظیم آبادی کی　　(ب) جمیل مظہری کی

(ج) حالی کی　　(د) اقبال کی

8. درج ذیل اشعار کے بند کا مفہوم واضح کیجئے　　1x5=5

عاجز ہو یا فقیر ہو پر تن درست ہو

بے زر ہو یا امیر ہو پر تن درست ہو

قیدی ہو یا امیر ہو پر تن درست ہو

مفلس ہو یا فقیر ہو پر تندرست ہو

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست

اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

9. خانہ ''الف'' میں پہلا مصرعہ ہے خانہ ''ب'' میں اس کا دوسرا صحیح جوڑ ملایئے　　4x1=4

خانہ ''الف''	خانہ ''ب''
(i) ایک قصہ عجیب لکھتا ہوں	(الف) کہ اشارہ سے بھی بلا نہ سکا
(ii) ثانی رکھتی نہ تھی وہ صورت میں	(ب) داستان غریب لکھتا ہوں
(iii) تاب نظارہ اتنی لا نہ سکا	(ج) چلئے اب دونوں وقت ملتے ہیں
(iv) گیسو رخ پر ہوا سے ملتے ہیں	(د) غیرت حور تھی حقیقت میں

10 درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر پر 60 لفظوں میں نوٹ لکھیں 1x5=5

(i) خواجہ میر درد

(ii) مرزا غالب

(iii) نظیر آبادی

11 درج ذیل میں سے کسی دو کے آپسی فرق بتائیں۔یا اس طرح تعریف کریں کہ فرق واضح ہو جائے 2x2=4

(i) قافیہ و ردیف (ii) سالم و زحاف

(iii) نظم و نثر (iv) شعر و شاعری

(v) ساقی و میخانہ (iv) ترنم و تحت لفظ

12 درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے 1x2=2

شمع کی مانند ہم اس بزم میں
چشم نم آئے تھے دامن تر چلے

جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو
اک تماشا ہوا گلا نہ ہوا

یا

اپنی یاد سے کوئی خوبصورت شعر لکھیے جو اس سوال نامہ میں نہ ہو۔

13 خانہ ''الف'' میں اسم کی پانچ قسمیں ہیں اور خانہ '' ب'' میں سب کی مثالیں ہیں صحیح جوڑ ملایئے 5x1=5

خانہ ''الف''	خانہ '' ب''
(i) اسم خاص	(الف) تیل
(ii) اسم عام	(ب) کالا
(iii) اسم مادہ	(ج) اسلم
(iv) اسم صفت	(د) فوج
(v) اسم جماعت	(ر) ندی

14 خط جمع کرنے کی جگہ ''ڈاکخانہ'' ہے (اس طرح کی جگہ یا مکان کو اسم ظرف کہتے ہیں) درج چیزوں کا اسم طرف بنایئے۔ایک لفظ میں 5x1=5

(i) روپے جمع کرنے کی جگہ......

(ii) جانوروں کے چرنے کی جگہ

(iii) تعلیم حاصل کرنے کی جگہ

(iv) نماز پڑھنے کی جگہ

(v) کوڑا ڈالنے کی جگہ

15 درج ذیل افعال میں سے کسی دو کی تعریف مع مثال لکھئے 2x2=4

(i) فعل حال

(ii) فعل مستقبل

(iii) فعل امر

16 نیچے کچھ الفاظ ہیں ان میں سے کسی پانچ لفظوں کے معنی لکھ کر جملے بنائیے 5x1=5

(i) قاتل	(ii) نثار
(iii) گلہ	(iv) رقیب
(v) ہستی	(vi) مہتاب
(vii) سفیر	(viii) عداوت
(ix) سعادت	(x) علم بردار

17 درج ذیل میں سے کسی پانچ کے املے درست کیجئے 5x1=5

(i) سرف	(ii) تماح
(iii) انساف	(iv) با دصبا
(v) دعوت	(vi) بل کل
(vii) گریب	(viii) خت

18 درج ذیل الفاظ کے مترادفات (ہم معنی) لکھئے 4x1=4

(i) زور

(ii) زر

(iii) عجیب

(iv) حکمت

یا

نیچے درج واحد لفظ کی جمع لکھئے

(i) حکم

(ii) فرض

(iii) مسجد

(iv) منبر

19 اپنی والدہ کو خط لکھ کر اپنے روزمرہ کی مشغولیت کا حال سادہ لفظوں میں بیان کریں 1x10=10

(یا)

اپنے قریبی دوست کو خط لکھیں جس میں شادی کی پارٹی میں لطف اندوزی کا تذکرہ کریں

20 اسٹڈی سنٹر انچارج کے نام ایک درخواست لکھ کر اسٹڈی میٹریل وقت پر مہیا کرانے کی گذارش کریں 1x12=12

(یا)

اپنے مکھیا، سرپنچ یا وارڈ کانسلر سے علاقہ میں ترقیاتی پروگرام کی جانکاری کے سلسلے میں ایک انٹرویو تیار کریں